سوال

(24) منکرین حدیث کی سزا

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

اگر مسلمان سے کوئی آدمی مرزائی ہوجائے تو ہمارے علماء اہلحدیث کے نزدیک اسلامی قانون ہو تو واجب القتل ہے اگر اہلحدیث سے منکر حدیث ہوجائے تو اس کے بارے میں کیا خیال ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

آپ نے لکھا ہے ’’اگر مسلمان سے کوئی آدمی مرزائی ہوجائے تو ہمارے علماء اہلحدیث کے نزدیک اسلامی قانون ہو تو واجب القتل ہے اگر اہلحدیث سے منکر حدیث ہوجائے تو اس کے بارے میں کیا خیال ہے‘‘؟

تو محترم اسلام میں اہلحدیث یا کسی دیگر مسلمان کے منکر حدیث وسنت بن جانے کی وہی سزا ہے جو آپ نے کسی اہلحدیث یا دیگر مسلمان کے مرزائی بن جانے کی ذکر فرمائی ہے اللہ تعالیٰ ہم سب کو سعادت دارین سے ہمکنار فرمائے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام ومسائل

عقائد کا بیان ج1ص69

محدث فتویٰ